نعت

محمد فضولی بغدادی

ماشاء من اراد، به الفوز و النجات
من انزل المیاہ و احیی به النبات
اوجبت بالظهور ظهور المکونات
اعلیٰ کمال ذاتك فی احسن الصفات
کمله بالسلام وتممه بالصلاۃ

آپ کی محبت حصولِ مقاصد کا وسیلہ ہے، (انسان) جو کچھ چاہے، اور جس چیز کا ارادہ کرے اس میں کامیابی ونجات آپ کی محبت کے ذریعے ہی سے حاصل ہوتی ہے۔ جو ذات پانی برسا کر پودوں کو زندہ کرتی ہے، اسی نے میرے باغِ فطرت میں آپ کے اشتیاق کی بارش برسائی ہے۔

حق تعالیٰ نے آپ کے وجود کو آفرینش کا سبب بنایا، اور آپ اپنے ظہور سے کل ہستی کے ظہور کا باعث بنے۔ خدا نے تختِ حسن پر آپ کو بادشاہ کیا اور آپ کی ذات کے کمال کو صفاتِ اعلیٰ سے رفعت بخشی۔

اے فضولی! تم نے نعت کی ادائیگی کی، اب اسے تمام کرو، اس نعت کو اب سلام کے ساتھ مکمل کرلو اور اس کا صلوات کے ساتھ اختتام کرو۔